Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

# Marking Scheme
## Sample Question Paper (2024-25)
## Subject Urdu Core (303)
## Class XII

**Time: 3 Hours** **M.M. 80**

## (Section A - حصہ الف)

جواب نمبر 1: (5x2=10)

i- والد کا نام مہرشی دیبندرناتھ ٹیگور اور ماں کا نام شاردا دیوی تھا۔

ii- رابندرناتھ ٹیگور نے عوامی مجمع کے سامنے ۱۱ مئی کو نظم ''پھول بن'' پڑھی۔

iii- میلے کے شروع کرنے کا مقصد تھا کہ ہندوستانیوں میں اپنی زبان تاریخ، وراثت، تہذیب، موسیقی اور آرٹ سے محبت پیدا کی جائے۔

iv- رابندرناتھ ٹیگور کی خواہش تھی کہ ہر شخص کو اپنی مادری زبان سیکھنا چاہیے۔

v- رابندرناتھ ٹیگور کو ۱۹۱۳ میں ان کے ترجمہ کردہ مجموعہ نظم گیتانجلی پر ادب کا نوبل انعام ملا تھا۔

جواب نمبر 2: (1x10=10)

درج ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

(i) بے روزگاری، (ii) پسندیدہ مشغلہ، (iii) قومی تہوار

| | |
|---|---|
| تمہید و تعارف | 2 |
| نفس مضمون (موضوع) | 6 |
| انداز بیان | 1 |
| اختتام | 1 |

جواب نمبر 3: (a) اپنی پرنسپل کے نام درجہ تبدیل کرانے کی درخواست لکھیے۔ (1x8=8)

**یا**

(b) اپنے والد کو خط لکھ کر اور فیس جمع کرانے کے لئے رقم منگوائیے۔

درخواست/خط

(خاکہ، عہدہ، پتا، موضوع تاریخ، القاب وآداب، اختتام، لفافہ) 4





Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

نفس مضمون 4

جواب نمبر 4: (5+2=7)

ہماری زندگی میں کھیل کی بہت اہمیت ہے، اس لیے اچھے کھلاڑیوں کی دنیا کے ہر ملک میں قدر کی جاتی ہے، کھیلنے سے کھلاڑیوں کی صحت اچھی، جسم مضبوط اور دماغ تروتازہ بنا رہتا ہے۔ کھیل کے ذریعہ ایمانداری، محنت اور لگن کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ کھلاڑیوں میں نظم و ضبط کی صلاحیت کے ساتھ اچھا اخلاق بھی ہوتا ہے۔ کھیل کے ذریعہ مقصد کو حاصل کرنے لیے متحد ہو کر کوشش کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

جواب نمبر 5: (5x2=10)

i. **عاقبت خراب ہونا** = انجام خراب ہونا

غیبت کرنے والوں کی عاقبت خراب ہوتی ہے۔

ii. **جوئے شیر لانا** = مشکل کام انجام دینا

کچھ بچوں کے لیے حساب پڑھنا جوئے شیر لانے کے برابر ہوتا ہے۔

iii. **حق نمک ادا کرنا** = وفاداری کرنا

نوکر اپنے مالک کا حقِ نمک ادا کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

iv. **آؤ بھگت کرنا** = استقبال کرنا

ہمیں گھر آئے مہمانوں کی آؤ بھگت کرنا چاہیے۔

v. **ناک کٹنا** = بے عزتی ہونا

بچوں کو ہمیشہ ایسے کاموں سے دور رہنا چاہیے جس سے ان کے والدین کی ناک کٹے۔

vi. **خاک میں مل جانا** = برباد ہو جانا/مر جانا

میرے بھائی نے کاپی پھاڑ کر میری ساری محنت خاک میں ملا دی۔

vii. **مجرا بجالانا** = سلامی پیش کرنا

بادشاہ سلامت کے سامنے آنے پر سبھی لوگ مجرا بجالائے۔

viii. **سناٹے میں آنا** = خاموشی چھا جانا

ٹیچر کے درجہ میں آتے ہی بچے سناٹے میں آگئے۔



Download FREE CBSE E-BOOKS FREE! CLICK HERE

Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

## (Section A - حصہ ب)

جواب نمبر6: (2+1+1+2+1=7)

i- یہ اقتباس ''پھول والوں کی سیر'' سبق سے لیا گیا ہے اس کے مصنف کا نام مرزا فرحت اللہ بیگ ہے۔

ii- جہاز پر چلمنیں پڑ گئیں۔

iii- سارے سیلانی تالاب کے کنارے جمع ہو گئے۔

iv- بادشاہ سلامت کی طرف سے مجمع میں شال، دوشالے مندیلیں اور سلے تقسیم ہوئے۔

v- لفظ ''خلقت'' کے معنی مخلوق ہے۔

جواب نمبر7: (1x5=5)

(A) میگھالیہ کے آدی باسیوں کے مخصوص رسم و رواج ہیں۔ وہاں عورت کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ خاندان اسی کے نام سے چلتا ہے۔ ایک قبیلے میں شادی کے خواہش مند لڑکے نوک پانتھے نام کے ایک بڑے مکان میں رہتے ہیں اور اپنے بہادری کے قصّے بیان کرتے ہیں، جب تک لڑکی کسی لڑکے کا انتخاب نہ کر لے اس کے بعد لڑکے اور لڑکی کو انگوٹھی پہنادی جاتی ہے، پھر پوجا اور منتروں کے پڑھنے کے بعد شادی کر دی جاتی ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لڑکے کا پیغام لڑکی کے گھر والوں کو دیا جاتا ہے، پھر اچھے شگون کے بعد لڑکے کا ہاتھ لڑکی کا ماموں پکڑ کر پجاری کے سامنے کر دیتا ہے اور تین مچھلیوں کے فرش پر شراب ڈالی جاتی ہے پھر شادی کر دی جاتی ہے۔

**یا**

(B) ہمارے نصاب میں شامل افسانہ'' گاؤں کی لاج''علی عباس حسینی کا لکھا ہوا افسانہ ہے جس میں انہوں نے بتایا ہندوستان میں سبھی مذہب کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں اور ذاتی رنجشوں کے باوجود ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہوتے ہیں۔ افسانے میں دو اہم کردار امراؤ سنگھ اور دلدار خان بدیسی راج سے خطاب یافتہ زمین دار تھے۔ ایک گڑھیا کی وجہ سے دونوں میں رنجش ہو گی۔ خاں صاحب نے اپنی بیٹی کی شادی میں رائے صاحب کے علاوہ پوری بستی کو مدعو کیا تھا۔ مہر کی رقم کو لے کر باراتیوں سے ناراضگی ہو گی اور باراتی واپس جانے لگے تو رائے صاحب نے باراتیوں کو سمجھا کر شادی کرنے کے لیے تیار کیا۔ اس طرح انہوں نے ذاتی رنجش کو بھول کر گاؤں کی لاج رکھ لی۔

جواب نمبر8: (4x2=8)

.i مصنف کے خیال میں دعوت میں جایئے تو معدہ اور عاقبت خراب ہوتی ہے اور نہ جایئے تو غرور اور بے توجہی کی شکایت ہوتی ہے۔



Download FREE CBSE E-BOOKS FREE! CLICK HERE

Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

ii. رائے صاحب اور خاں صاحب میں رنجش ایک گڈھیا کی وجہ سے تھی۔ گڑھیا خاں صاحب کے نام لکھی تھی جس میں رائے صاحب کا آدھا بیگھا زمین شامل ہو گیا تھا۔

iii. فلمی سنگیت میں ملک کے راجستھانی، پنجابی اور بنگالی لوک گیتوں کے ذخیرے سے بہت فائدہ اُٹھایا ہے۔

iv. خط منصرم صاحب کی بیوی کا تھا جس میں انہوں نے چچی کو رات کے کھانے پر بلایا تھا۔

v. مصنف کی بیماری کی خبر سن کر سب سے پہلے شیخ نبی بخش تاجر چرم (مصنف کے محلے دار ہیں) آئے۔

vi. میرن صاحب نے مرزا غالب کو مجروح کی صحت کے بارے میں بتایا کہ وہ اب تندرست ہو گئے ہیں۔ بخار جاتا رہا ہے صرف پیچپس باقی ہے وہ بھی رفع ہو جائے گی۔

vii. آگرہ بازار میں عجیب بے رونقی ہے۔ لوگوں کے پاس سامان خریدنے کے لیے روپے نہیں۔ کاروبار بند ہیں۔

viii. آخری مغل بادشاہ کے دور کی دلی کے بادشاہ کا اقتدار ضرور کم ہو گیا تھا مگر جو عقیدت رعایا کو بادشاہ سے تھی اس میں ذرا بھی فرق نہیں آیا تھا۔

جواب نمبر 9: (1x5=5)

(A) میر تقی میر کی شاعری پر ایک نوٹ۔

میر تقی میر آگرہ اکراباد میں 1722ء میں پیدا ہوئے وہ دس سال کے تھے تو ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ وہ آگرہ سے دہلی منتقل ہو گئے۔

میر تقی میرؔ بڑی تعداد میں شعر کہے ہیں اردو میں ان کے چھ دیوان ہیں۔ انہوں نے بہت اچھی غزلیں لکھی ہیں ان کو خدائے سخن کہتے ہیں۔ میرؔ کی سب سے بڑی خوبی اثر انگیزی ہے۔ جذبات اور احساسات کے بیان پر میرؔ کو غیر معمولی قدرت حاصل ہے۔ ان کی زباں میں سادگی اور بے تکلفی بہت ہے۔ انہوں نے بہت اچھی مثنویاں بھی لکھی ہیں۔ ان کی بڑائی کا اعتراف سب نے کیا ہے۔

**یا**

(B) نظم پرچھائیاں کا خلاصہ:

ہمارے نصاب میں شامل نظم ''پرچھائیاں'' ساحرؔ لدھیانوی کی لکھی ہوئی طویل نظم ہے۔ اس کا موضوع امن ہے۔ شاعر نے پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے بعد ہونے والی تباہیوں سے آگاہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ ہمیں تیسری جنگ عظیم کے امکان کو ختم کرنا ہوگا۔ نظم کے ذریعے شاعر نے بتانے کی کوشش کی ہے کہ ہندوستان میں انگریزوں کے آنے سے پہلے بہت خوش حالی



Download FREE CBSE E-BOOKS FREE! CLICK HERE

Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

تھی، ہر طرف رونق تھی، لیکن انگریزوں نے ملک کو برباد کر دیا لوگوں کے روزگار ختم ہو گئے۔ مہنگائی بڑھ گئی، ہر طرف جنگ کا ماحول ہو گیا۔اس لئے خوفزدہ ہو کر شاعر نے سیاسی مقامروں کو یہ پیغام دینا چاہا ہے کہ اگر کوئی سیاسی مفاد کے لیے اس طرح کا ماحول پیدا کرنا چاہیے گا تو ہم انہیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

جواب نمبر10: (5x1=5)

i- شاعر نے جنگ بند کرنے کے لیے سیاسی مقامروں کو مخاطب کیا ہے۔

ii- شاعر نے زمین کو گوتم اور نانک سے منسوب کیا ہے۔

iii- نظم کے معنٰی انتظام، ترتیب یا آرائش کے ہیں۔

iv- شاعر نے گھر کو راستہ اس لیے کہا کیونکہ گھر کی دیواریں ٹوٹی ہوتی ہیں۔

v- میر حسن کی طویل مثنوی کا نام سحر البیان ہے۔

جواب نمبر11: (5x1=5)

i- (C) امن

ii- (A) عبدالحئی

iii- (B) آگرہ(اکبراباد)

iv- (A) دو-دو کیا ہوا

v- (D) دیوار ٹوٹی ہوئی تھی



Download FREE CBSE E-BOOKS FREE! CLICK HERE